# 19-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ قاضی پیٹ ریل کوچ فیکٹری، متحدہ ورنگل ضلع کے عوام کی 40 سالہ دیرینہ خواہش تھی جسے وزیر اعظم نریندر مودی نے عملی جامہ پہنایا ہے۔

۲۔ نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت کے آمدنی میں اضافہ کے ذریعہ سرکاری اسکیمات کے نفاذ کے سلسلہ میں خصوصی منصوبے بنائے جارہے ہیں۔

۳۔ ریاستی وزیر بی سی ویلفیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاست بھر میں کلیانا لکشمی اور شادی مبارک اسکیم کے تحت استفادہ کنندگان کو چیکس کسی تاخیر کے بغیر فوری طور پر فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

اور

۴۔ محکمہ موسمیات حیدرآباد نے پیش گوئی کی ہے کہ آنے والے 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ میں شدید بارش کا امکان ہے۔

## BONALU

شہر حیدرآباد میں بونال فیسٹیول کے سلسلہ میں شردھالوؤں کو تکالیف سے بچانے کیلئے کئی علاقوں میں ٹریفک تحدیدات عائد کی گئی ہیں۔ جوائنٹ کمشنر ٹریفک جوئل ڈیوس نے یہ بات بتائی۔ اس ماہ کی 20 اور 21 کو ٹریفک تحدیدات عائد کی گئی ہیں۔ مہانکالی لال دروازہ مندر میں اس ماہ کی 21 تاریخ کو بونال کے سلسلہ میں 11 بجے دن تا 11 بجے شب مندر کے قریب گاڑیوں کی آمد و رفت پر پابندی عائد رہے گی۔

## POONAM PRABHAKAR

زیر پونم پربھاکر نے دونوں شہروں کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ بارش کے پیش نظر پوری طرح محتاط رہیں۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی ضروریات، برقی اور ٹرانسپورٹ جیسے امور میں کسی قسم کی پریشانی سے بچنے کے لئے شہری پہلے سے احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ انہوں نے سرکاری مشنری کو ہدایت دی کہ وہ پوری مستعدی کے ساتھ کام کرے اور عوام کو بہتر خدمات فراہم کرے۔

## HYDRA

حیدرا کمشنر رنگناتھ نے کہا ہے کہ عوام ہر ممکن پہلو سے حیدرا کے ساتھ تعاون کریں۔ وہ حیدرآباد کے رویندر بھارتی میں منعقدہ حیدرا کے پہلے سالانہ جشن میں شرکت کرتے ہوئے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ حیدرا پارکوں، نالوں اورتالابوں پرناجائزقبضوں کوروکنے کے لئے سرگرم ہے۔رنگناتھ نے واضح کیا کہ حیدرا کا بنیادی فریضہ یہ ہے کہ وہ عوامی خدمات فراہم کرتے ہوئے سرکاری جائیدادوں پر قبضہ جمانے والے مفاد پرست عناصر کوروک سکے۔

## INDRA MAHILA SHAKTI

ریاستی حکومت نے اندراء مہلا شکتی تقاریب کوتوسیع دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ تقاریب اب اس ماہ کی 24 تاریخ تک جاری رہیں گی۔خواتین کومعاشی طور پر بااختیار بنانے کے مقصد سے شروع کیا گیا یہ پروگرام ریاست بھر میں سرگرمی سے جاری ہے۔

## SUB COMMITTEE

نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرامارکا نے کہاہے کہ ریاستی حکومت کے آمدنی میں اضافہ کے ذریعہ سرکاری اسکیمات کے نفاذ کے سلسلہ میں خصوصی منصوبے بنائے جارہے ہیں۔ریاستی کابینہ کی سب کمیٹی کا اجلاس آج نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارک کی صدارت میں منعقد ہوا۔اجلاس میں ریاست کی آمدنی میں اضافہ سے متعلق امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔اس کے علاوہ آمدنی کے ذرائع کا تجزیہ،ٹیکس کی شرحیں، سرکاری فلاحی اسکیموں پر عمل درآمد اور سرکاری املاک سے حاصل ہونے والی آمدنی جیسے اہم نکات پر بھی اجلاس میں جامع تبادلہ خیال کیا گیا۔

## BLOOD TEST

ریاستی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ آنگن واڑی مراکز میں موجود بچوں اورسرکاری اسکولوں میں پہلی جماعت سے دسویں جماعت تک کے طلباء وطالبات کے خون کے ٹسٹ کروائے جائیں گے۔محکمہ صحت کے عہدیداروں نے بتایا کہ بچوں کی جسمانی نشوونما میں کمی اور بڑھتی ہوئی خون کی کمی کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔خون کے معائنے کے بعد بچوں کوضروری غذا فراہم کی جائے گی، اوران کی صحت پر مشتمل تفصیلی گروتھ پروگریس رپورٹ تیار کی جائے گی تاکہ ان کی فلاح وبہبود کو یقینی بنایا جاسکے۔

Kazipet railway coach

مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ قاضی پیٹ ریل کوچ فیکٹری، متحدہ ورنگل ضلع کے عوام کی 40 سالہ دیرینہ خواہش تھی جسے وزیر اعظم نریندر مودی نے عملی جامہ پہنایا ہے۔انھوں نے مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی کے ساتھ قاضی پیٹ میں ریل کوچ فیکٹری اور ریل مینوفیکچرنگ یونٹ کے کاموں کا جائزہ لیا۔عہدیداروں نے مرکزی وزراء کو تعمیری سرگرمیوں کی پیش رفت سے واقف کروایا۔اشونی ویشنو نے بتایا کہ مرکزی حکومت یہاں ایک میگا ریل کوچ فیکٹری تعمیر کررہی ہے اوراس کے تعمیراتی کام تیزی سے جاری ہیں۔انھوں نے کہا کہ 2026 میں یہاں پیداوار کا آغاز ہوگا اوراس فیکٹری سے 150 لوکوموٹیوز بیرونِ ملک برآمد کئے جائیں گے۔اس کے علاوہ، یہاں میٹرو ریل کے ڈبے بھی تیار کئے جائیں گے۔مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی نے کہا کہ 40 سالہ جدوجہد کے نتیجہ میں قاضی پیٹ کو ریل کوچ فیکٹری حاصل ہوئی ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ ریاست میں 40 ریلوے اسٹیشنوں کو جدید خطوط پر بہتر کیا جارہا ہے۔کشن ریڈی نے کہا کہ ورنگل میں ائیر پورٹ کی تعمیر پہلے ہی مکمل ہوجانی چاہئے تھی۔انھوں نے بتایا کہ سابقہ ریاستی حکومت سے ائیر پورٹ کی تعمیر کے لئے اراضی فراہم کرنے کی درخواست کی گئی تھی اوراب موجودہ حکومت سے بھی اراضی کے حصول میں تعاون کی اپیل کی جارہی ہے۔

Sound Byet

Weather

محکمہ موسمیات حیدرآباد نے پیش گوئی کی ہے کہ جنوب مغربی مانسون کی ہواؤں کے اثر سے آنے والے 48 گھنٹوں کے دوران تلنگانہ میں شدید بارش کا امکان ہے۔اسی کے ساتھ ساتھ ریاست کے کئی علاقوں میں اگلے پانچ دنوں تک ہلکی تا اوسط بارش متوقع ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق آج وقارآباد، رنگاریڈی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم اور جئے شنکر بھوپال پلی میں شدید بارش کا انتباہ جاری کیا گیا ہے۔

ponnam prabhakar

ریاستی وزیر بی سی ویلفیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ریاست بھر میں کلیانا لکشمی اور شادی مبارک اسکیم کے تحت استفادہ کنندگان کو چیکس کسی تاخیر کے بغیر فوری طور پر فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔آج

انہوں نے سدی پیٹ ضلع کے حسن آباد ایم ایل اے کیمپ آفس میں 25 استفادہ کنندگان میں چیکس تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے حیدرآباد میں جاری شدید بارش کے پیش نظر نشیبی علاقوں کے عوام سے اپیل کی کہ وہ محتاط رہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اگر نشیبی علاقوں میں کہیں کوئی پریشانی ہو تو فوراً متعلقہ حکام کی توجہ میں لایا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت جی ایچ ایم سی کمشنر، ضلع کلکٹر، حیدرا کمشنر، پولیس کمشنر، واٹر ورکس اور دیگر متعلقہ عہدیداروں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

bhadradri kothagudem

ضلع کلکٹر جتیش وی پاٹل نے کہا ہے کہ عوام کی صحت، تعلیم، دیہی سڑکیں، پینے کے پانی کی قلت، راشن کارڈز کی اجرائی، پنشن میں تاخیر، زرعی شعبہ کو درپیش چیالنجس اور قبائلی علاقوں کی ترقی جیسے اہم مسائل کے حل کے لئے موثر اقدامات کئے جارہے ہیں۔ کلکٹر نے آج آل انڈیا ریڈیو کوتہ گوڑم اسٹیشن سے براہ راست نشر ہونے والے ترقی کی راہوں پر بھدرادری کوتہ گوڑم کے فون ان پروگرام میں حصہ لیتے ہوئے مختلف تجاویز پیش کیں۔ انہوں نے نوجوانوں کو مشورہ دیا کہ وہ ملازمتوں کے انتظار میں وقت ضائع نہ کریں بلکہ دستیاب اراضیات کو استعمال میں لاتے ہوئے جدید زرعی طریقوں جیسے آئل پام، مورنگا کی کاشت اور مچھلی پالن کے ذریعہ مالی طور پر خود کفیل بنیں۔ کلکٹر نے کسانوں سے اپیل کی کہ وہ زراعت میں جدید طریقے اپناتے ہوئے بہتر پیداوار حاصل کریں تاکہ زرعی معیشت کو مستحکم بنایا جاسکے۔

Highway

مرکزی حکومت نے جنگاؤں تا سوریاپیٹ موجودہ دو لائنوں پر مشتمل قومی شاہراہ نمبر 365 کو چار لائنوں تک وسعت دینے کی منظوری دے دی ہے۔ اس توسیعی منصوبہ کے تحت 83 کلومیٹر طویل سڑک کا تعمیری کام انجام دیا جائے گا۔ مرکزی حکومت نے واضح کیا ہے کہ ریاستی حدود میں واقع قومی شاہراہوں کی ترقی کے لئے ریاستی حکومتوں کی درخواستوں پر تیزی سے منظوری دی جائے گی اور اس میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ڈالی جائے گی۔ تاہم اس منصوبے کے لیے ضروری اراضیات کا حصول، محکمہ جنگلات کی منظوری اور ماحولیاتی اجازتیں ریاستی حکومت کو ہی حاصل کرنی ہوں گی۔ اگر تمام پہلوؤں سے معاملہ مکمل اور واضح ہو تو مرکزی حکومت اس سڑک کی

توسیع پر آنے والے تمام اخراجات برداشت کرے گی۔ملک گیر سطح پر 15 قومی شاہراہوں کی توسیع کے لئے منظوری دی گئی ہے،جن میں جنگاوں۔سوریا پیٹ نیشنل ہائی وے بھی شامل ہے۔مرکزی حکومت نے ہدف مقرر کیا ہے کہ اس منصوبے کے تحت شناخت کردہ تمام تعمیری کام سال 2028 تک مکمل کر لئے جائیں۔

## Ration Card

کانگریس حکومت غریب عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کئی اسکیمیں نافذ کر رہی ہے،جن میں ایک اہم قدم مستحق افراد کو نئے راشن کارڈز کی فراہمی بھی ہے۔یہ بات حکومت کے وہپ اور ویمولواڑہ کے رکن اسمبلی آدی سرینواس نے کہی۔انہوں نے ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا کے ساتھ مل کر راجنا سرسلہ ضلع کے کونا راؤ پیٹ منڈل کے دھرمارم، چندورتی، رودرنگی اور دیگر منڈل ہیڈکوارٹرز میں استفادہ کنندگان میں نئے راشن کارڈس تقسیم کئے۔آدی سرینواس نے بتایا کہ نئے راشن کارڈز کی منظوری کا عمل مسلسل جاری ہے۔اس کے ساتھ ساتھ ہر خاندان کو 10 لاکھ روپے تک کا آروگیہ شری ہیلتھ اسکیم کا فائدہ بھی حاصل ہوگا۔

OO